بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال

نمبر۔ 2048/اے ایس ایف

مورخہ۔ 12۔ فروری/2026

ریوائزنوٹیفیکیشن

بحوالہ PBCC نوٹیفیکیشن نمبر SO(Boards)meetings/PBCC/2026 مورخہ 11.02.2026 بورڈ ہذا کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2026ء مورخہ 20.05.2026 سے شروع ہوگا۔ مذکورہ امتحان کے لئے داخلہ فارم بمع امتحانی فیس ریوائز شیڈول کے مطابق وصول کی جائے گی۔ ریوائز شیڈول کے علاوہ کوئی داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔ انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2026ء کے داخلہ فارم کی وصولی کا ریوائز شیڈول درج ذیل ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	حتمی تاریخ
۱	سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	19-01-2026 تا 19-02-2026
۲	ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	20-02-2026 تا 02-03-2026
۳	ٹرپل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	03-03-2026 تا 12-03-2026

مذکورہ بالا امتحان کے سلسلہ میں شرح داخلہ فیس درج ذیل ہوگی۔ نیز ٹرپل فیس کے بعد -/500 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ 51st میٹنگ مورخہ 15-06-2023 آئٹم نمبر 8 کے تحت مورخہ 05-05-2026 تک فیس ادا کر کے بمعہ داخلہ فارم دفتر ہذا میں جمع کروانے کے بعد امیدوار امتحان میں شمولیت اختیار کر سکتا ہے۔

ریگولر امیدواران

امتحان انٹرمیڈیٹ	پارٹ فرسٹ	پارٹ سیکنڈ	کمبائنڈ فیس
سائنس گروپ	850روپے	850روپے	1700روپے
آرٹس گروپ مع پریکٹیکل مضمون	850روپے	850روپے	1700روپے
آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل مضمون	800روپے	800روپے	1600روپے
پروسیسنگ فیس	800روپے	800روپے	800روپے
سند فیس (صرف پارٹ سیکنڈ کے ساتھ)	--------	1000روپے	1000روپے
ڈویلپمنٹ فنڈ	-/350روپے	-/350روپے	-/350روپے
پرائیویٹ امیدواران			
سائنس گروپ	900روپے	900روپے	1800روپے
آرٹس گروپ مع پریکٹیکل مضمون	900روپے	900روپے	1800روپے
آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل مضمون	850روپے	850روپے	1700روپے
رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ)	1000روپے	1000روپے (برائے کمپوزٹ)	1000روپے
پروسیسنگ فیس	800روپے	800روپے	800روپے
سند فیس (صرف پارٹ سیکنڈ کے ساتھ)	--------	1000روپے	1000روپے
ڈویلپمنٹ فنڈ	-/350روپے	-/350روپے	-/350روپے

علوم شرقیہ

امتحانی فیس مبلغ -/1000 روپے — انرولمنٹ فیس مبلغ -/1000 روپے

سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/1000 روپے — پروسیسنگ فیس مبلغ -/800 روپے

ڈویلپمنٹ فنڈ مبلغ -/350 روپے

نوٹ: ۱۔ درج بالا ریوائز شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ ۲۔ داخلہ فیس ہمراہ داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک دفتر ہذا میں وصول ہونا لازمی ہے۔

۳۔ پرائیویٹ امیدواران سے مبلغ -/1000 روپے رجسٹریشن فیس صرف پہلی بار امتحان میں شرکت کرنے پر وصول کی جائے گی۔ ۴۔ ادارہ کا الحاق کوڈ اور بینک چالان کا نمبر مالیاتی فارم پر درج کرنا لازم ہوگا۔ **۵۔ داخلہ فیس ناقابلِ واپسی ہوگی۔** ۶۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت امتحانی فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس معہ دیگر واجبات جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ۷۔ واضح رہے کہ پروسیسنگ فیس -/800 روپے اور اصل سرٹیفکیٹ فیس -/1000 روپے اور ڈویلپمنٹ فنڈ -/350 روپے امیدوار کو کسی بھی صورت میں معاف نہیں ہے۔ ۸۔ داخلہ فارم مع بنک چالان برائے ادائیگی داخلہ فیس بورڈ کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے UBL کی نامزد برانچز میں ریوائز شیڈول کے مطابق جمع کروائیں۔

(غلام حسین)
سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:

۱۔ جناب C.E.O.s (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) پاکپتن، ساہیوال، اوکاڑہ ۲۔ جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کالجز ساہیوال ۳۔ جناب RCO تعلیمی بورڈ ساہیوال (برائے الیکٹرونک و پرنٹ میڈیا)

۴۔ سسٹم اینالسٹ (برائے اپ لوڈنگ بورڈ ویب سائیٹ) ۵۔ الحاق شدہ ہائیر سیکنڈری سکولز/کالجز ساہیوال ڈویژن ۶۔ جملہ آفیسران بورڈ ہذا۔

(محمد مبشر اعظم)
انچارج فنانس برانچ

CamScanner